13/06/2025

09.20 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  محمد اعظم سے خبریں سُنئے

جہاز حادثہ

گجرات کے احمد آباد میں حادثے کا شکار ہوئے جہاز میں 241 افراد کے جان بحق ہونے کی تصدیق ہو گئی ہے ۔ حادثے میں جان گنوانے والوں میں گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ وجے روپانی بھی شامل ہیں ۔ وشواس کمار رمیش نامی برطانیہ کا ایک باشندہ معجزاتی طور پر زندہ بچ گیا ہے ۔ جہاز میں کُل ملا کر 242 افراد تھے ۔ حادثے کے حوالے سے اعلیٰ سط کی تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے ۔ ائیر انڈیا کو چلانے والے ٹاٹا گروپ نے حادثے میں ہر مرنے والے کے لواحقین کے لئے ایک ایک کروڑ روپے کے امداد ی معاوضے کا اعلان کیا ہے ۔

جہاز تعزیت

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ،نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی ، کابینی وزراءاور عالمی سط کے لیڈروں نے اس حادثے پر زبردست رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سمیت جموں کشمیر کی متعدد اہم شخصیات نے بھی اس حادثے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔ ایک پیغام میں انہوننے متاثرہ مسافروں اور انکے کنبوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔جن ممالک کے عالمی لیڈروں نے اس حادثے پر بھارت کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے ان میں امریکہ ، کنیڈا ، اسرائیل، یوکرین ، روس ، نیپال ، سنگا پور ، پاکستان اور دیگر کئی ممالک شامل ہیں ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمونو کشمیر میں عوامی بہبود کے کلیدی پروجیکٹوں کی تیز تر عمل آوری، مختلف شعبوں میں اصلاحات لانے اور خدمات کے شعبے میں بہتری لانے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے سرینگر میں بجلی، مکانات اور شہری ترقی کے مرکزی وزیرمنوہر لال کھٹر کے ساتھ

ایک میٹنگ کے دوران متعلقہ محکموں کے کام کاج کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر مرکزی وزیر موصوف نے کہا کہ جموں کشمیر میں ترقیاتی عمل کو مزید آگے بڑھانے کے لئے مقامی اور مرکزی سرکاریں باہم مل کر کام کر رہی ہیں ۔

## کرشی سنکلپ ابھیان

جمونو کشمیر میں وکست کرشی سنکلپ ابھیان جاری ہے اور کل اس کی اختتامی تقریب ہو گی ۔ اس مہم کے تحت کسانوں کو زرعی شعبے کی سکیموں ، کاشتکاری کے سائنسی طور طریقوں اور اعلیٰ معیار کے بیجوں کے بارے میں ضروری جانکاری فراہم کی جارہی ہے۔ مہم کے بارے میں ڈیپارٹمنٹ آف انیمل ہسبنڈری کشمیر کے ٹیکنیکل آفیسر ڈاکٹر عرفان احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

## چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے محکمہ یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی کار گزاری کا جائزہ لیتے ہوئے کھیل کود کے اعلیٰ معیار کو حاصل کرنے کے لئے نوجوانوں کی فِٹنس کو اولین ترجیح دینے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ بہترین کھلاڑی پیدا کرنے کے لئے محکمے کا ایک اہم رول ہے اور اس کی بہترین کوششوں سے نوجوانوں کو منشیات جیسی سماجی برائیوں سے دور رکھا جا سکتا ہے ۔

## یوگا

یو گا کے بین الاقوامی دن میں اب8دن باقی رہ گئے ہیں اور اس دن کو بڑے پیمانے پر منانے کےلئے ملک بھر میں تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ واضح رہے کہ 21جون کو پوری دنیا میں یوگا کابین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔ اس سال اس دن کا موضوع ہے Yoga for one Earth, one Health ۔ یو گا کی اہمیت کے بارے میں کشمیر میں آرٹ آف لِونگ ادارے کی ریجنل ڈائریکٹر وندنا دفتری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

## DGP

CAPF جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلن پربھات نے اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران کمپنیوں کی طرف سے سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات اور کی کمپنیوں کی CAPF نے متعلقہ ضلع سربراہوں کو ہدایت دی کہ وہ DGP تیاریوں کا جائزہ لیا ۔

مناسب تعیناتی کے لئے ضروری اقدام کریں ۔ انہوں نے یاترا کے احسن انعقاد کے لئے مختلف سیکورٹی ایجنسیوں کے مابین قریبی تال میل پر زور دیا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 31 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ